SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
August 24, 2016

## ایس ای سی پی میں رضاکارانہ پنشن سکیم پر سیمینار کا انعقاد

اسلام آباد، ۲۴ اگست: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے سرمایہ کاروں کی آگہی کے اقدام کے سلسلے میں بدھ کے روز انسانی وسائل کے ماہرین کے لئے اپنے صدر دفتر میں رضاکارانہ پنشن سکیم (وی پی ایس) پر ایک سیمینار کا نعقاد کیا۔ ایک انضباطی ماحول میں افراد میں بچت اور سرمایہ کاری کی ثقافت کو فروغ دینے اور ریٹائرمنٹ کے بعد آمدنی میں امداد کے لئے ایس ای سی پی نے ۲۰۰۵ میں وی پی ایس قواعد متعارف کرائے۔ وی پی ایس ٹیکس میں سہولت اور خود امدادی پنشن سکیم ہے جو کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے حامل تمام افراد کے لئے دستیاب ہے۔ اپنے ایام کار کے دوران نوکری اور آزاد پیشہ افراد رضاکارانہ طور پر پنشن فنڈ میں حصّہ لے سکتے ہیں تاکہ ریٹائرمنٹ کے بعد انہیں لگاتار آمدنی فراہم کی جاسکے۔ وی پی ایس مارکیٹ کی بنیاد پر ایک غیر مرکزی حکمت عملی پر عمل درآمد کرتی ہے، یہ سرمایہ کاروں کی بڑھتی ہوئی ضروریات کے پیش نظر شراکت کے نرخوں کی شرائط اور سرمایہ کاری کے انتخاب میں لچک فراہم کرتی ہے۔ وی پی ایس، ایس ای سی پی کے زیر انضباط کام کرتی ہے اور سرمایہ کاروں اور عام عوام کو نمو پذیر بچتوں کی پیشکش کرتی ہے۔

ایس ای سی پی اس سکیم میں حصّہ لینے والوں کے مفادات کا ایک جامع انضباطی فریم ورک کے ذریعے تحفظ یقینی بناتا ہے۔ مزید براں یہ صنعت بذات خود بھی ایک نظم و نسق کے ایک مؤثر ڈھانچے مناظمت خطرات کے بہترین طرز عمل

Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan

اور داخلی کنٹرول یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ وی پی ایس میں حصّہ لینے والوں کا تحفظ ترقی کرتی وی پی ایس صنعت کے لازمی جزو بھروسے اور اعتماد سازی کے لئے ضروری ہے۔

اس بارے میں ایس ای سی پی کو گہری دلچسپی ہے تاکہ عوام اس کے فوائد سے بہرہ مند ہو سکے۔ ساتھ ہی ساتھ یہ قومی معیشت کے لئے بھی سود مند ہے۔ سیمینار سوسائٹی برائے ہیومن ری سورس مینجمنٹ، امریکہ (ایس ایچ آر ایم) کے مقامی فورم کے تعاون سے منعقد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان مقرّر نارتھ انسٹیٹیوشنل اینڈ ریٹیل انویسٹمنٹس کے علاقائی سربراہ تھے۔ ایس ای سی پی کے اعلیٰ عہدے داروں نے بھی سیمینار میں شرکت کی۔ سیمینار کا مقصد انسانی وسائل کے ماہرین اور فیصلہ سازوں کو وی پی ایس کے امکانی فوائد سے روشناس کرانا تھا۔

ناموراداروں کی نمائندگی کرنے والے تقریباً پینتالیس افراد نے سیمینار میں شرکت کی۔ شرکاء نے مقرّرین کی گفتگو میں گہری دلچسپی لی اور وی پی ایس کے نمایاں خدوخال، اس کے فوائد، آجر واجیر کے درمیان طویل مدّتی شراکت داری اور سرمایہ کاروں کے تحفظ کی بابت سوالات کئے۔ شرکاء نے اس سیشن کو مفید قرار دیا اور انسانی وسائل کے ماہرین کے لئے ایسے مزید سیشنز کے انعقاد پر زور دیا۔

Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan